# 12845 ـ كيا خيراتی تنظيموں كی ملكيتی اشياء وقف شمار ہونگی ؟

**سوال**

كيا مساجد كی لائبريريوں، اور خيراتی تنظيموں كی گاڑياں وقف شمار ہونگی يا نہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

مندرجہ بال سوال ہم نے فضيلۃ الشيخ عبد الرحمن بن جبرين حفظہ اللہ تعالی كے سامنے پيش كيا تو ان كا جواب تھا:

وقف شمار ہونگی، اس مالك كےليے يہ گاڑياں واپس لينی جائز نہيں ہيں.

آپ نے يہ گاڑی يا يہ بس طالب علموں يا طالبات كے آنے جانے، يا مردے منتقل كرنے كے ليے ايمبولينس وقف كی تو آپ كو واپس لينے كا حق نہيں، بلكہ جب تك ان گاڑيوں سے فائدہ ليا جاتا رہے گا آپ كا اجروثواب جاری رہے گا .